# Practice Question Paper 2020-21

## Class-X

Time: 3 Hrs. Subject: Urdu-A (003) M.M.:80

## (40) Part: A Reading Comprehension and Grammar MCQ

**سوال نمبر1:- درج ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں (کثیر انتخابی سوالوں میں سے درست جواب کا انتخاب کیجیے اور باقی سوالوں کا ایک لفظ یا ایک جملے میں) کے جواب لکھیے ۔** 1x5=5

ایک بار کا واقعہ ہے کہ ہم تین دوست صبح صبح ایک باغ کی سیر کی غرض سے گھر سے اپنی گاڑی لے کر نکلے۔ ہمارا ارادہ گھر سے تقریباً 15 کلو میٹر دور ایک باغ میں سیر کر کے 12 بجے گھر واپسی کا تھا۔ چنانچہ تقریباً ایک گھنٹے کے بعد ہم اس باغ میں پہنچ گئے اور باغ میں گھومنے کے بعد احمد نے کہا کہ یہاں سے دو تین کلو میٹر کی دوری پر ایک بہت ہی خوبصورت آبشار ہے چلیے اسے بھی دیکھ آتے ہیں۔ میں نے اور فیضان نے بھی حامی بھری اور ہم تینوں آبشار کی طرف چل دیے۔ ابھی ایک کلو میٹر آگے پہنچے تھے کہ ہماری گاڑی خراب ہو گئی۔ ہم تینوں نے بہت جدوجہد کی لیکن ہماری گاڑی ٹھیک نہ ہو سکی۔ وہاں سے گزرنے والوں میں سے کسی نے بھی سنگین مصیبت کا حالِ زار تک نہ پوچھا۔ ہم تینوں بہت ہی مایوس ہو کر سڑک کے کنارے کھڑے تھے کہ اچانک ایک کار ہمارے پاس آ کر رُکی اور اس میں سے میرا ایک دوست عاقب نکلا۔ اس نے ہماری پریشانی کا سبب پوچھنے کے بعد اپنی گاڑی میں سے ایک رسّا نکالا اور ہماری گاڑی کے ساتھ باندھ کر ہماری گاڑی کو گھر کی طرف لے آیا۔ اس پر احمد، فیضان اور میں نے عاقب کی اس وقتی مدد کا بہت شکریہ ادا کیا۔

(I) گھر سے باغ کتنے فاصلے پر تھا؟

A. تقریباً پانچ کلو میٹر
B. تقریباً پندرہ کلو میٹر
C. تقریباً بیس کلو میٹر
D. تقریباً دس کلو میٹر

(II) مصیبت کے وقت تینوں دوستوں کی مدد کس نے کی؟

a. احمد نے
b. پولیس نے
c. عاقب نے
d. وزیر نے

(III) تینوں دوست کیوں مایوس کھڑے تھے؟

(IV) تینوں دوستوں کی مدد کس نے اور کیسے کی؟

(V) صبح صبح کس غرض سے تین دوست گھر سے اپنی گاڑی لے کر نکلے؟

سوال نمبر2:- درج ذیل غیر درسی شعری حصّے کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں (کثیر انتخابی سوالوں میں سے درست جواب کا انتخاب کیجیے اور باقی سوالوں کا ایک لفظ یا ایک جملے میں) کے جواب لکھیے۔ 1x5=5

آتا ہے یاد مجھ کو اسکول کا زمانہ
وہ دوستوں کی صحبت وہ قہقہے لگانا
انور عزیز راجو منو کے ساتھ مل کر
وہ تالیاں بجانا بندر کو منہ چڑانا
رو رو کے مانگنا وہ امی سے روز پیسے
جاجا کے ہوٹلوں میں برفی ملائی کھانا
پڑھنے کو جب بھی گھر پر کہتے تھے میرے بھائی
کرتا تھا درد سر کا اکثر ہی میں بہانا
ملتی نہیں تھی فرصت دن رات کھیلنے سے
یوں رائیگاں ہوا تھا پڑھنے کا وہ زمانا

(I) شاعر کو کون سا زمانہ یاد آتا ہے؟

A. اسکول کا

B. سردی کا

C. دوستی کا

D. گرمی کا

(II) دن رات کس کام سے فرصت نہیں ملتی تھی؟

A. پڑھنے سے

B. کھیلنے سے

C. گھومنے سے

D. رونے سے

(III) شاعر رورو کر کس سے پیسہ مانگتا تھا؟

(IV) شاعر برفی ملائی کہاں کھاتا تھا؟

(V) اسکول کے زمانے میں شاعر کیا بجا کر بندر کا منہ چڑھاتے تھے؟

سوال نمبر 3:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے۔ 1x4=4

(I) کسی ایک چیز کو کسی دوسری چیز کے مانند بتانا کیا کہلاتا ہے؟

A. تلمیح

B. تشبیہ

C. تضاد

D. مترادف

(II) غزل کا پہلا شعر جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں، اسے کیا کہتے ہیں؟

A. مقطع

B. قافیہ

C. ردیف

D. مطلع

(III) وہ لفظ جو یکساں آواز اور یکساں حرف/حروف پر ختم ہوتے ہیں، انھیں۔۔۔۔۔کہتے ہیں؟

A. قافیہ

B. ردیف

C. مقطع

D. مطلع

(IV) دنیا میری بلا جانے، مہنگی ہے یا سستی ہے

موت ملے تو مفت نہ لوں، ہستی کی کیا ہستی ہے

درج بالا شعر میں کون سی صنعت ہے؟

A. صنعت تضاد

B. تشبیہ

C. استعارہ

D. تلمیح

(V) وہ نشان جو کسی شخص یا بات کی تفصیل بیان کرنے سے پہلے لگاتے ہیں، اسے کیا کہتے ہیں؟

A. سکتہ

B. رابطہ

C. وقفہ

D. واوین

سوال نمبر 4:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے۔ 1x4=4

(I) مشبّہ بہ کسے کہتے ہیں؟

A. جس چیز کی تشبیہ دی جائے

B. جس چیز سے تشبیہ دی جائے

C. جس وجہ سے تشبیہ دی جائے

D. وہ لفظ یا حرف جو تشبیہ ظاہر کرے

(II) 'بارش ہو رہی ہے' اس جملے میں کون سا فعل ہے؟

A. فعلِ ماضی

B. فعلِ مستقبل

C. فعلِ حال

D. مفعول

(III) وہ فعل جس میں کسی کام کا اثر صرف فاعل تک محدود رہے۔۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔

A. فعلِ لازم

B. فعلِ متعدی

C. فعلِ حال

D. فعلِ ماضی

(IV) 'میں خوش ہوں' اس جملے میں کون سا فعل ہے؟

A. فعلِ ناقص

B. فعل لازم

C. فعل متعدی

D. فعل ماضی

(V) بات کا پوشیدہ رکھ کر کہنا یا مخفی اشارہ ۔۔۔۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔

A. تشبیہ

B. استعارہ

C. تلمیح

D. کنایہ

سوال نمبر 5:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے۔ 1x4=4

(I) وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو اسے کیا کہتے ہیں ؟

A. فعل معروف

B. فعل مجہول

C. فعلِ حال

D. فعلِ ماضی

(II) وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو اسے ۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

A. فعل معروف

B. فعل مجہول

C. صفت

D. اسم معرفہ

(III) 'حامد آم کھا رہا ہے۔' اس جملے میں خط کشیدہ لفظ کیا ہے ؟

A. مفعول

B. فعل

C. فاعل

D. صفت

(IV) 'بچہ کھانا کھاتا چلا گیا' اس جملے میں کون سا فعل ہے ؟

A. مفعول

B. فعل مرکب

C. فعلِ مجہول

D. فعلِ ناقص

(V)وہ لفظ جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا ظاہر ہو، اسے کیا کہتے ہیں؟

A. مفعول

B. فعل

C. فاعل

D. صفت

سوال نمبر 6:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے۔ 1x4=4

(I) صحیح محاورہ کون سا ہے؟

A. جنگل میں دنگل ہونا

B. جنگل میں منگل ہونا

C. جنگل میں ہریالی ہونا

D. منگل کو جنگل ہونا

(II) 'ہتھیار ڈالنا' محاورے کا کیا مطلب ہے؟

A. جنگ کرنا

B. ہتھیار جھولے میں ڈالنا

C. شکست تسلیم کرنا

D. ہتھیار محفوظ کرنا

(III)بدن پر نہیں لتّا۔۔۔۔۔۔۔۔

A. پان کھائیں البتّہ

B. نان کھائیں البتّہ

C. روٹی کھائیں البتّہ

D. گھر جائیں البتّہ

(IV)بچے کی جھوٹی باتیں سن کر میرا تو خون۔۔۔۔۔

A. بہنے لگا

B. کھول گیا

C. پانی ہونے لگا

D. ٹھنڈا ہونے لگا

(V) ایک آنکھ میں شہد ایک آنکھ میں۔۔۔۔۔

A. پانی

B. آنسو

C. زہر

D. کاجل

سوال نمبر 7:۔ نیچے دیے گئے سبھی سوالوں کے جواب لکھیے۔ 1x4=4

(I) 'لغزش' کا کیا مطلب ہے؟

A. سستی

B. انصاف

C. ظلم

D. غلطی

(II) 'نشانات' کا واحد ہے۔

A. نشانہ

B. نشان

C. نشانوں

D. ہدف

(III) افسانہ 'نیا قانون' کا مرکزی کردار کون ہے۔

A. لاٹ صاحب

B. گاما چودھری

C. دینو حلوائی

D. منگو کوچوان

(IV) 'جدید' لفظ کا متضاد ہے۔

A. قدیم

B. نیا

C. عالم

D. استاد

سوال نمبر 8:- درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں (کثیر انتخابی سوالوں میں سے درست جواب کا انتخاب کیجیے اور باقی سوالوں کا ایک لفظ یا ایک جملے میں) کے جواب لکھیے۔ 1x5=5

آخرکار مارچ کے اکتیس دن ختم ہوگئے اور اپریل کے شروع ہونے میں رات کے چند خاموش گھنٹے باقی رہ گئے۔موسم خلاف معمول سرد تھا اور ہوا میں تازگی تھی۔پہلی اپریل کو صبح سویرے استاد منگو اٹھا اور اصطبل میں جاکر تانگے میں گھوڑے کو جوتا اور باہر نکل گیا۔اس کی طبیعت آج غیر معمولی طور پر مسرور تھی۔وہ نئے قانون کو دیکھنے والا تھا۔

اس نے صبح کے سرد دھندلکے میں کئی تنگ اور کھلے بازاروں کا چکر لگایا۔مگر اسے ہر چیز پرانی نظر آئی۔آسمان کی طرح پرانی۔اس کی نگاہیں آج خاص طور پر نیا رنگ دیکھنا چاہتی تھیں مگر سوائے اس کلغی کے جو رنگ برنگ کے پروں سے بنی تھی اور اس کے گھوڑے کے سر پر جمی ہوئی تھی اور سب چیزیں پرانی نظر آتی تھیں۔یہ نئی کلغی اس نے نئے قانون کی خوشی میں 31/مارچ کو چودھری خدا بخش سے ساڑھے چودہ آنے میں خریدی تھی۔

گھوڑے کی ٹاپوں کی آواز کالی سڑک اور اس کے آس پاس تھوڑا تھوڑا فاصلہ چھوڑ کر لگائے ہوئے بجلی کے کھمبے،دکان کے بورڈ،اس کے گھوڑے کے گلے میں پڑے ہوئے گھنگرو کی جھنجھناہٹ،بازار میں چلتے پھرتے آدمی.......ان میں سے کون سی چیز نئی تھی،ظاہر ہے کہ کوئی بھی نہیں۔لیکن استاد منگو مایوس نہیں تھا۔

(I) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

A. بھولا
B. نیا قانون
C. آزمائش
D. عورتوں کے حقوق

(II) نئی کلغی کے علاوہ منگو کو باقی سب چیزیں کیسی نظر آتی تھیں؟

A. شاندار
B. نئی
C. پرانی
D. دلکش

(III) مارچ کا مہینہ کتنے دن کا ہوتا ہے؟

(IV) منگو نے نئی کلغی کتنے میں خریدی تھی؟

A. ساڑھے چودہ آنے میں
B. ساڑھے چودہ روپئے میں
C. چودہ روپئے میں
D. دس روپئے میں

(V) کس نے صبح کے سر د دھندلکے میں کئی تنگ اور کھلے بازاروں کا چکر لگایا؟

A. انگریز نے

B. منگو نے

C. چودھری خدا بخش نے

D. منٹو نے

**یا**

گرمی اور برسات کے موسم میں اب بھی دلّی کے اکثر باشندے سہ پہر کو جمنا پر جا کر پانی کی سیر دیکھتے ہیں اور تیرنے والے تیرتے ہیں، مگر پچاس برس پہلے وہاں اشراف تیرنے والوں کے بہت دلچسپ جلسے ہوتے تھے۔سرسیّد کہتے تھے کہ ''میں نے اور بڑے بھائی نے اپنے والد سے تیرنا سیکھا تھا۔ ایک زمانہ تو وہ تھا کہ ایک طرف دلّی کے مشہور تیراک مولوی علیم اللہ کا غول ہوتا تھا جن میں مرزا مغل اور مرزا طفل بہت سر برآوردہ نامی تھے۔اور دوسری طرف ہمارے والد کے ساتھ سو سوا سو شاگردوں کا گروہ ہوتا تھا۔ یہ سب ایک ساتھ دریا میں کودتے تھے اور مجنوں کے ٹیلے سے شیخ محمد کی بائیں تک یہ سارا گروہ تیرتا جاتا تھا۔ پھر جب ہم دونوں بھائی تیرنا سیکھتے تھے تو اس زمانے میں بھی تیس چالیس آدمی والد کے ساتھ ہوتے تھے۔انھیں دنوں میں نواب اکبر خاں اور چند اور رئیس زادے بھی تیرنا سیکھتے تھے۔زینت المساجد کے پاس نواب احمد بخش خاں کے باغ کے نیچے جمنا بہتی تھی۔ وہاں سے تیرنا شروع ہوتا تھا۔مغرب کے وقت سب تیراک زینت المساجد میں جمع ہو جاتے تھے اور مغرب کی نماز جماعت سے پڑھ کر اپنے اپنے گھر چلے آتے تھے۔میں ان جلسوں میں اکثر شریک ہوتا تھا۔''

(I) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

A. سرسید کا بچپن

B. بھولا

C. نیا قانون

D. مخلوط زبان

(II) اب بھی دلّی کے باشندے سہ پہر کو جمنا پر جا کر کیا دیکھتے ہیں؟

A. جہاز

B. پانی کی سیر

C. میلہ

D. نمائش

(III) زینت المساجد کے پاس کس کے باغ کے نیچے جمنا بہتی تھی؟

A. مرزا مغل

B. نوب خدا بخش خاں

C. شیخ محمد

D. مولوی علیم اللہ

(IV) مغرب کے وقت سب تیراک کہاں جمع ہوتے تھے؟

A. زینت المساجد میں

B. باغ میں

C. جمنا کے ساحل پر

D. مجنوں کے ٹیلے پر

(V) سرسید نے تیرنا کس سے سیکھا تھا؟

A. اپنے والد سے

B. نوب خدا بخش خاں

C. مولوی علیم اللہ

D. مرزا مغل

سوال نمبر9:- درج ذیل درسی شعری حصّے کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں (کثیر انتخابی سوالوں میں سے درست جواب کا انتخاب کیجیے اور باقی سوالوں کا ایک لفظ یا ایک جملے میں) کے جواب لکھیے۔ 1x5=5

خدا سے حسن نے اک روز یہ سوال کیا
جہاں میں کیوں نہ مجھے تو نے لازوال کیا

ملا جواب کہ تصویر خانہ ہے دنیا
شبِ درازِ عدم کا فسانہ ہے دنیا

ہوئی ہے رنگِ تغیر سے جو نمود اس کی
وہی حسیں ہے حقیقت زوال ہے جس کی

کہیں قریب تھا، یہ گفتگو قمر نے سنی
فلک پہ عام ہوئی، اخترِ سحر نے سنی

سحر نے تارے سے سن کر سنائی شبنم کو
فلک کی بات بتادی زمیں کے محرم کو

(I) درج بالا شعری حصّے کے شاعر کون ہیں؟

A. جوشؔ ملیح آبادی

B. اکبرؔ الہ آبادی

C. علامہ اقبالؔ

D. اخترؔ شیرانی

(II) خدا اور حسن کے درمیان ہو رہی گفتگو کو سحر نے کس سے سنی؟

A. تارے سے

B. قمر سے

C. شبنم سے

D. فلک سے

(III) خدا نے 'تصویر خانہ' کس کو کہا ہے؟

(IV) ایک روز حسن نے خدا سے کیا سوال کیا؟

(V) خدا نے شبِ درازِ عدم کا فسانہ کس کو کہا ہے؟

**یا**

(1)

گلشن میں پھروں کہ سیر صحرا دیکھوں
یا معدن و کوہ و دشت و دریا دیکھوں
ہر جا تری قدرت کے ہیں لاکھوں جلوے
حیراں ہوں کہ دو آنکھوں سے کیا کیا دیکھوں

(2)

رتبہ جسے دنیا میں خدا دیتا ہے
وہ دل میں فروتنی کو جا دیتا ہے
کرتے ہیں تہی مغز ثنا آپ اپنی
جو ظرف کہ خالی ہے صدا دیتا ہے

(I) درج بالا شعری حصّے کے شاعر کون ہیں؟

A. میر انیسؔ

B. تلوک چند محرومؔ

C. فراقؔ گورکھپوری

D. اکبرؔ الہ آبادی

(II) 'صدا' کا مطلب ہے۔

A. سزا

B. آواز

C. ہمیشہ

D. ثواب

(III) اپنی ثنا خود کون کرتا ہے؟

(IV) ہر جا کس کی قدرت کے لاکھوں جلوے نظر آتے ہیں؟

(V) قدرت کے لاکھوں جلوے دیکھ کر کون حیران ہے؟

## (40) Part: B Writing Skill

سوال نمبر 10:۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر ڈھائی سو سے تین سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 6

I. قومی اتحاد ملک کی اہم ضرورت

II. دہشت گردی ملک کی سالمیت کے لیے خطرہ

III. بے روزگاری

IV. ذرائع ابلاغ

V. لاک ڈاؤن اور معمولات زندگی

سوال نمبر 11:۔ سیکشن بدلنے کے لیے پرنسپل کے نام ایک درخواست لکھیے۔ 5

**یا**

اپنی تعلیمی سرگرمیوں کا ذکر کرتے ہوئے اپنے والد کو ایک خط لکھیے۔

سوال نمبر 12:۔ اسکول کی لائبریری میں اردو اخبار منگوانے کے لیے پرنسپل کے نام ایک درخواست لکھیے۔ 5

**یا**

اسکول میں کھیل کی سرگرمیوں کو دوبارہ شروع کروانے کے لیے پرنسپل کے نام ایک درخواست لکھیے۔

سوال نمبر 13:۔ 'او دیس سے آنے والے بتا' نظم کا خلاصہ لکھیے۔ 5

**یا**

شادؔ کی غزل گوئی پر ایک نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر 14: پریم چند کا افسانہ 'گلّی ڈنڈا' کا خلاصہ لکھیے۔ 5

**یا**

دیوندر ستیارتھی کا افسانہ ' اَن دیوتا' کا خلاصہ لکھیے۔

سوال نمبر 15:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار سوالوں کے جواب 25 سے 30 لفظوں میں لکھیے۔ 2x4=8

I. مہاتما گاندھی نے اپنی غلطیوں کے کفّارے کے لیے کیا طریقہ اختیار کیا؟

II. مردوں کو عورتوں کے ساتھ کس طرح کا سلوک کرنا چاہیے ؟

III. 'تیزابی بارش' کسے کہتے ہیں ؟

IV. بھولا کہاں چلا گیا تھا اور کیوں ؟

V. 'اودیس سے آنے والے بتا اللہ بتا اللہ بتا' سے شاعر کے کس احساس کا ظہور ہو رہا ہے ؟

VI. 'کسی کے روپ میں تم بھی تو اپنے درشن دو' شاعر یہ کس سے کہہ رہا ہے ؟

VII. زبان میں 'بدیسی الفاظ' داخل ہونے کے کیا فائدے ہیں بیان کیجیے ؟

VIII. تربیت یافتہ ملکوں میں عورتوں کے ساتھ کیا سلوک کیا جاتا ہے ؟

سوال نمبر 16:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف دو سوالوں کے جواب 40 سے 50 لفظوں میں لکھیے۔ 3x2=6

I. مرزا چپاتی کون تھے اور ان کا حلیہ کیا تھا؟

II. مصنف نے نور خاں کو گدڑی کا لال کیوں کہا ہے ؟

III. سخی افسانہ میں زندگی کی کون سی سچائی بیان کی گئی ہے ؟

IV. مخلوط زبان سے کیا مراد ہے ؟ وضاحت کیجیے۔